جب ایک گروہ دوزخ میں جائے گا تو اپنے رفیق گروپ پر لعنت کرے گا۔ یہاں تک کہ جب سب کے سب دوزخ میں جمع ہو جائیں گے تو ان میں سے پہلی جماعت کے ~~پچھلی جماعت~~ کے خلاف بددعا کرے گی۔ اے ہمارے رب! انہوں نے ہمیں گمراہ کیا تھا۔ اس لئے ان کو دوہرا عذاب دے۔ اللہ فرمائے گا (ٹھیک ہے پر) سب کے لئے دوگنا ہوگا۔"

عوام کو چاہیئے، بلکہ ہر خاص و عام کے لئے مقام غور ہے کہ وہ سوچیں کہ وہ کیا کر رہے ہیں۔ کس کے پیچھے دوڑ رہے ہیں اور وہ کہاں لے جا کر تمہیں کھڑا کریں گے۔ اگر اب آپ نے غور نہ کیا تو کل کچھ نہ ہوگا۔

# معذرت

ہمیں افسوس ہے کہ ہمارے قارئین کو محدث کے شمارہ ہٰذا کے لئے انتظار کی زحمت اٹھانی پڑی کیونکہ اس دفعہ مجبوراً محدث ہمیں دوماہی پیش کرنا پڑا ہے۔ باوجودیکہ ہم محدث کے انتظامی معاملات کئی ماہ سے درست کر کے محدث کی بروقت ترسیل کر رہے تھے۔ لیکن صفر المظفر ۱۳۹۸ھ کے آخری ہفتہ میں اچانک ادارہ محدث کے ناظمِ اعلیٰ حافظ عبداللہ صاحب امرت سری کراچی میں شدید علیل ہو گئے۔ ان پر appendicitis کا حملہ ہوا اور آپریشن سے قبل ہی ان کا appendix پھٹ گیا۔ اگرچہ آپریشن سے صفائی کی پوری کوشش کی گئی لیکن کئی روز موصوف کی حالت تشویش ناک رہی۔ محدث کے مدیرِ اعلیٰ فوری طور پر عازمِ کراچی ہو گئے۔ اور محدث کا شمارہ ربیع الاول و آخر صفر میں پریس نہ جا سکا۔ اب تقریباً ڈیڑھ ماہ کے مسلسل علاج کے بعد حافظ عبداللہ صاحب کی طبیعت سنبھلی ہے تو مدیرِ اعلیٰ واپس لاہور آئے ہیں اس طرح سے محدث دوماہی ربیع الاول والآخر کا مشترکہ شمارہ جو ۴۸ صفحات پر مشتمل ہے، حوالۂ ڈاک کیا جا رہا ہے۔ ہم قارئین سے اس جبری تاخیر پر معذرت خواہ ہیں۔

(ادارہ)